ٹیکے سے متعلق معلومات کا بیان

# نیوموکاکل پولی سیکرائیڈ ویکسین (Pneumococcal Polysaccharide Vaccine, PPSV23): آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے سے متعلق بہت سارے معلوماتی بیانات اردو اور دیگر زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis دیکھیں

## 1 ٹیکہ کیوں لگوائیں؟

**نیوموکاکل پولی سیکرائیڈ ویکسین (PPSV23) نمونیائی نبقہ کے مرض** کو روک سکتا ہے۔

**نمونیائی نبقہ کے مرض** سے مراد نمونیائی نبقہ کے بیکٹیریا سے ہونے والی کوئی بھی بیماری ہے۔ یہ بیکٹیریا نمونیہ، جو پھیپھڑے کا ایک انفیکشن ہوتا ہے، سمیت بہت ساری قسم کی بیماریوں کا سبب بن سکتے ہیں۔ نمونیائی نبقہ کا بیکٹیریا نمونیہ کی سب سے اہم وجوہات میں سے ایک ہے۔

نمونیہ کے علاوہ، نمونیائی نبقہ کا بیکٹیریا درج ذیل کا بھی باعث بن سکتا ہے:
- کان کے انفیکشن
- جوف انف کے انفیکشن
- ورم ام دماغ (دماغ اور حرام مغز پر محیط نسیج کا انفیکشن)
- بیکٹیریمیا (دوران خون کا انفیکشن)

کسی کو بھی نمونیائی نبقہ کا مرض ہو سکتا ہے لیکن 2 سال سے کم عمر کے بچے، مخصوص طبی کیفیات میں مبتلا افراد، 65 سال یا زائد عمر کے بالغان، اور سگریٹ پینے والے افراد سب سے زیادہ خطرے کی زد میں ہوتے ہیں۔

نمونیائی نبقہ کے بیشتر انفیکشن معمولی ہوتے ہیں۔تاہم، کچھ کا نتیجہ طویل مدتی مسائل، جیسے دماغ کی خرابی یا سماعت سے محرومی کی شکل میں برآمد ہو سکتا ہے۔ نمونیائی نبقہ کے مرض سے ہونے والا ورم ام دماغ، بیکٹیریمیا اور نمونیہ مہلک ہو سکتا ہے۔

## 2 PPSV23

PPSV23 نمونیائی نبقہ کے مرض کا باعث بننے والے 23 قسم کے بیکٹیریا سے تحفظ کرتا ہے۔

PPSV23 کی تجویز درج ذیل کے لیے کی جاتی ہے:
- **تمام 65 سال یا زائد عمر کے بالغ افراد،**
- **کوئی بھی ایسا فرد جو 2 سال یا زائد عمر کا ہو نیز ایسی مخصوص طبی کیفیات میں مبتلا ہو جو نمونیائی نبقہ کے مرض کے لیے زیادہ خطرے کا سبب بن سکتی ہوں۔**

زیادہ تر لوگوں کو PPSV23 کی صرف ایک خوراک درکار ہوتی ہے۔ PPSV23 کی دوسری خوراک اور PCV13 نامی نمونیائی نبقہ کے ٹیکے کے دوسری قسم کی تجویز زیادہ خطرے والے گروپوں کے لیے کی جاتی ہے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات دے سکتا ہے۔

65 سال یا زائد عمر کے افراد کو PPSV23 کی خوراک لینی چاہیے چاہے وہ اپنی عمر 65 سال ہونے سے قبل اس ٹیکے کی ایک یا زائد خوراکیں پہلے ہی لے چکے ہوں۔

## 3 اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کریں

اپنے ٹیکہ فراہم کنندہ کو بتائیں اگر ٹیکہ لگوانے والے فرد کو:
- **PPSV23 کی گزشتہ خوراک کے بعد الرجی زا ردعمل** ہوا تھا، یا کوئی **شدید، جان لیوا الرجیاں** ہوں۔

کچھ صورتوں میں آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ PPSV23 کی ٹیکہ کاری کو آئندہ ملاقات تک ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

معمولی بیماریوں، جیسے سردی میں مبتلا افراد کو ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے۔ معتدل حد تک یا شدید حد تک بیمار افراد کو عموماً PPSV23 لینے سے پہلے صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔

آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو مزید معلومات دے سکتا ہے۔

## 4 ٹیکے کے ردعمل کے خطرات

- PPSV23 کے بعد شاٹ لگائے جانے کی جگہ پر سرخی یا درد، تھکا ہوا محسوس کرنا، بخار یا عضلہ میں درد ہو سکتا ہے۔

لوگ کبھی کبھار طبی طریقہ کار، بشمول ٹیکہ کاری کے بعد بیہوش ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو غنودگی محسوس ہوتی ہے، یا بینائی تبدیل ہوگئی ہے، یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہوں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

کسی بھی دوا کی طرح، ٹیکہ کی وجہ سے شدید الرجی زا ردعمل، دیگر سنگین مضرت پیش آنے یا موت واقع ہونے کا کافی بعید امکان ہے۔

## 5 اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیا ہوگا؟

الرجی زا رد عمل ٹیکہ لگوانے والے فرد کے کلینک سے روانہ ہونے کے بعد بھی پیش آ سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجی زا ردعمل کی نشانیاں (چھپاکی، چہرے یا حلق کی سوجن، سانس لینے میں پریشانی، دل کی تیز دھڑکن، غنودگی یا کمزوری) نظر آتی ہے تو **9-1-1** پر کال کریں اور اس فرد کو قریب ترین ہسپتال لے جائیں۔

آپ کے لیے باعث تشویش دیگر نشانیوں کے لیے، اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔

ناموافق ردعمل کی رپورٹ ٹیکہ کے ناموافق وقوعہ کی رپورٹنگ کے نظام (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو کی جانی چاہیے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ عموماً یہ رپورٹ درج کرے گا یا آپ خود سے یہ کام کر سکتے ہیں۔ VAERS کی ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** پر ملاحظہ کریں یا **1-800-822-7967** پر کال کریں۔ *VAERS صرف ردعمل کی رپورٹ کرنے کے لیے ہے اور VAERS کا عملہ طبی مشورہ نہیں دیتا ہے۔*

## 6 میں کس طرح مزید جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے معلوم کریں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی صحت محکمے کو کال کریں۔
- مراکز برائے امراض پر کنٹرول اور روک تھام (CDC) سے رابطہ کریں:
  - **1-800-232-4636** (**1-800-CDC-INFO**) پر کال کریں یا
  - CDC کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/vaccines** پر ملاحظہ کریں



Translation provided by the New York City Department of Health and Mental Hygiene